اے خاك نشينوں كيا كہنا كيا تخت ملا كيا تاج مِلا

اے خاك نشينوں كيا كہنا كيا تخت ملا كيا تاج مِلا
اُبھرے تو بہتر يوں اُبھرے كونين كا آخر راج مِلا

شبير ملك تك جھكتے ھيں وہ رتبہء صد معراج ملا
جبريل كے پر كا چتر ملا وحدة كي نظر كا تاج ملا

دريا بھي ملا پاني بھي ملا ساحل پر انوكھا راج ملا
سائے ميں حسيني پرچم كے عباس وفاء كا تاج ملا

عباس بھي خوش رھوار بھي خوش اور مشك سكينة پاني ميں
تھي نہر تو برسوں سے اپني تقدير سے قبضہ آج ملا

جھولے ميں حكومة كے اصغر ميداں ميں شفاعة كے اصغر
بانو كے خزادے كيا كھنا كيا تخت ملا كيا تاج ملا

كيا ننھي نظر ميں وسعة تھي جو موت كي معنى جان گئے
يوں تير كو اصغر لے كے ھنسے جيسے كے كسي كو راج ملا

زھرا كا محل ويراں كر كے كيا تجھ كو ملا اے روح يزيد
كس دھر ميں تيري قبر بني كس خاك ميں تيرا راج ملا

قدموں سے شجاعت لپٹي ھے ٹكرا تے ھے لاكھوں سے اكبر
نانا كي جواني كل پائي تلوار كا قبضہ آج ملا

میراث تو یہ بھي ھے قاسم تلوار پڑي تو سر پرھي
تھا رنگ حسن تو پھلے سے اور دادا کا ورثہ آج ملا

اصغر ھے نہ شکوی پاني کا جھولے میں اُداسي چھائي ھے
جب مُڑکے نظر کي بانو نے ننھا سا محل کا راج ملا

کیا کھنا حسیني شاعر کا غربۃ میں وہ شاھي کرتا ھے
جب فضل ملي دنیا سے غني مولی کا مگر محتاج ملا